پریس ریلیز

مخیرّ حضرات کا جنرل ہسپتال کو جدید لیپروسکوپک مشین کا عطیہ، پرنسپل کا اظہار تشکر

جدید کیمرہ سرجری سے درد کم، شفا تیز، اور زندگی باوقار بن جاتی ہے: پروفیسر فاروق افضل

وزیراعلیٰ کا ویژن: ہسپتال میں سٹیٹ آف دی آرٹ سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں: پرنسپل اے ایم سی

جدید میڈیکل ٹیکنالوجی تک رسائی ہر مریض کا حق ہے: ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین

لاہور 24 جولائی:...... جنرل ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی کو مخیرّ حضرات کی جانب سے جدید لیپر وسکو پک مشین عطیہ کر دی گئی جو اس شعبے میں نئے اور جدید دور کا آغاز ہے۔ اس حوالے سے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے مخیرّ حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لیپر وسکو پک مشین کا عطیہ وصول کیا اور کہا کہ لیپر وسکو پک مشین صرف آپریٹنگ تھیٹر کا سامان نہیں بلکہ سینکڑوں مریضوں کی جلد شفا اور معیاری زندگی کی کنجی ہے۔ جنرل ہسپتال کے سرجنز لیپر وسکو پک پروسیجر میں مہارت رکھتے ہیں اور اگر روایتی طریقے کی بجائے جدید کیمرہ سرجری کی جائے تو درد کم، شفا تیز، اور زندگی باوقار بن جاتی ہے نیز مریض کو بھی زیادہ بستر پر رہنا نہیں پڑتا۔ اس موقع پر ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، ڈاکٹر یحییٰ سلطان، ڈاکٹر جعفر حسین، ڈاکٹر عمیر رانا، ڈاکٹر حنان خان، ڈاکٹر حسن عباس، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر انعم، ڈاکٹر فائزہ خالد، ڈاکٹر جنید امجد اور دیگر طبی و انتظامی افسران بھی موجود تھے۔

تقریب کے دوران میڈیا سے گفتگو میں پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت معاشرے کا وہ سرمایہ ہے جس کی قدر نسلیں کرتی ہیں۔ انہوں نے مخیرّ حضرات کے جذبہ خیر کو سراہتے ہوئے کہا کہ صاحب دل افراد کی یہ کاوش نہ صرف ایک مشین کا عطیہ ہے بلکہ امید، شفا اور زندگی کی نئی رمق بھی ہے۔ ڈاکٹر فاروق افضل کا کہنا تھا کہ جدید لیپر وسکو پک مشین سے مریضوں کو نہ صرف اینٹی بائیوٹک سے چھٹکارا حاصل ہوگا بلکہ انفیکشن کے امکانات بھی کم ہو جائیں گے اور کم سے کم وقت میں جلد صحت یابی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ہسپتال میں اسٹیٹ آف دی آرٹ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے بھی مخیرّ حضرات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اُن کا شکریہ ادا کیا اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید میڈیکل ٹیکنالوجی تک رسائی ہر مریض کا حق ہے اور مخیرّ حضرات اس حق کی تکمیل میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج صرف ایک مشین نہیں بلکہ جدید طبی نظام کے ایک نئے باب کا افتتاح کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل جی ایچ میں جدید سہولیات کی فراہمی میں تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں تا کہ ہر مریض کو عالمی سطح کے مطابق معیاری علاج دستیاب ہو۔ پرنسپل پروفیسر فاروق افضل نے مخیرّ شخصیت کو اعزازی شیلڈ پیش کی۔

☆☆☆☆☆